غافل | اشکوں | فانی | جولانی

# اُٹھ، باندھ کمر، کیوں ڈرتا ہے



اُٹھ ،باندھ کمر ، کیوں ڈرتا ہے
پھر دیکھ خُدا کیا کرتا ہے

جو موقع پاکر کھوئے گا — وہ اشکوں سے منہ دھوئے گا
جو سوئے گا ، وہ روئے گا — اور کاٹے گا ، جو بوئے گا
تو غافل کب تک سوئے گا — جو ہونا ہے ، وہ ہوئے گا

اُٹھ ، باندھ کمر ، کیوں ڈرتا ہے
پھر دیکھ خُدا کیا کرتا ہے



یہ دُنیا آخر فانی ہے اور جان بھی اِک دِن جانی ہے
پھر تُجھ کو کیوں حیرانی ہے کر ڈال جو دل میں ٹھانی ہے
جب ہمت کی جولانی ہے تو پتھر بھی پھر پانی ہے

اُٹھ ، باندھ کمر ، کیوں ڈرتا ہے
پھر دیکھ خُدا کیا کرتا ہے

محمد فاروق دیوانہ

## ا. آؤ معنی یاد کریں:

| | | |
|---|---|---|
| اشکوں | : | ''اشک کی جمع'' آنسو |
| اشکوں سے منہ دھونا | : | روتے رہنا |
| فانی | : | ختم ہو جانے والا |
| جولانی | : | تیزی ، دوڑ |

    

## ۲. مختصر جواب لکھیے:

☆ شاعر ہمیں کیا کرنے پر زور دے رہا ہے؟

☆ اس نظم میں کون کون سی اچھی عادتیں بیان کی گئی ہیں؟

☆ جو وقت کو ضائع کرے گا اُس کا انجام کیا ہوگا؟

☆ مشکل کام کیسے آسان ہوسکتا ہے؟

## ۳. نظم پڑھ کر مصرعوں کو پورا کیجیے

☆ اور کاٹے گا ..........گا

☆ تو غافل ................گا

☆ یہ دُنیا..........فانی ہے

☆ کر ڈال جو................میں ٹھانی ہے

## ۴. نوٹ بک پر لکھیے

ہر کام وقت پر کرنا چاہیے۔ گذرا ہوا وقت واپس نہیں آتا۔ ہمت اور حوصلے سے کام کرنا چاہیے۔ اچھے کاموں کا پھل اچھا ہوتا ہے اور بُرے کاموں کا بُرا

## ۵. اس نظم سے ہم نے کیا سیکھا استاد کی مدد سے پانچ جملوں میں لکھیے







## اعادہ، سبق: ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۱۶

اساتذہ حضرات اس اعادہ کے ذریعہ اندازہ کر سکتے ہیں کہ کیا بچوں میں سُننے، بولنے، پڑھنے اور لکھنے کی صلاحیت پیدا ہوگئی ہے۔ آموزشی ماحصل کو حاصل کیا گیا ہے، یعنی بچے اُردو میں بات چیت کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے خیالات اور مشاہدات کو کسی حد تک بیان کر سکتے ہیں:

### I. سوچیے اور بتائیے:

(الف) ''ہمارا وطن'' کے عنوان پر پانچ جملے لکھیے

(ب) آپ نے گھر میں کبھی کوئی کہانی اپنی دادی، نانی یا پھر ماں سے سنی ہے، اُس کہانی کو اپنے الفاظ میں لکھنے کی کوشش کیجیے

(ج) جو شخص آپ کو بہت پیارا ہے، اُس پر پانچ جملے لکھیے

(د) ہر کام وقت پر کرنا چاہیے

مزید چار جملے لکھیے جن میں لفظ ''وقت'' کا استعمال ہو

### II. درج ذیل عنوانات میں سے استاد کوئی ایک عنوان چُن کر بچوں کے ساتھ گفتگو کرے

۱۔ وقت کی اہمیت ۲۔ وطن سے محبت

۳۔ کسی کے ساتھ نیکی کرنے کا فائدہ